RAPE CRISIS SCOTLAND



# نیشنل ایڈوکیسی سروس

## آپ تنہا نہیں ہیں

اسکاٹ لینڈ کے ہر علاقے میں ایڈوکیسی ورکرز موجود ہیں۔ ایڈوکیسی ورکرز پولیس اور دیگر فوجداری نظامِ انصاف کے اداروں سے مکمل طور پر آزاد ہوتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایڈوکیسی سپورٹ خفیہ ہوتی ہے اور کوئی ایڈوکیسی ورکر آپ پر رپورٹ کرنے کے لیے دباؤ نہیں ڈالے گا۔ ایڈوکیسی ورکرز آپ کو معلومات فراہم کریں گے تاکہ آپ باخبر فیصلے کر سکیں۔



اگر آپ خود بات کرنے کے قابل محسوس نہیں کرتے یا آپ کی بات نہیں سنی جا رہی، تو وہ آپ کی آواز کو مؤثر طریقے سے اٹھانے میں مدد کر سکتے ہیں۔

بیان دینے سے پہلے سے لے کر عدالتی مقدمے کے اختتام تک، آپ کے فوجداری نظامِ انصاف کے سفر کے ہر مرحلے پر ایڈوکیسی ورکرز مدد اور معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔ مدد لچکدار ہو سکتی ہے، اور اگر آپ کو ضرورت ہو تو آپ کا ایڈوکیسی ورکر ایک مترجم کا انتظام بھی کر سکتا ہے۔

# کیا آپ پولیس کو جنسی تشدد کی رپورٹ کرنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں؟


# کیا آپ پہلے ہی رپورٹ کر چکے ہیں اور اس عمل کے دوران کچھ اضافی مدد کی ضرورت ہے؟

اگر آپ اپنے اختیارات کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں اور اس پورے عمل کے دوران ماہرین کی مفت مدد حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو ہم آپ کے لیے یہاں موجود ہیں۔

**نیشنل ایڈوکیسی سروس** جنسی تشدد کے ماہر ایڈوکیسی ورکرز کا ایک نیٹ ورک ہے، جو آپ کو فوجداری نظامِ انصاف کو سمجھنے، اس میں راہنمائی حاصل کرنے اور اس تک رسائی حاصل کرنے میں مدد فراہم کر سکتا ہے۔



آپ کے ساتھ پولیس شناختی پریڈز میں شرکت کریں



کسی کیس کی پیش رفت کے بارے میں تازہ ترین معلومات حاصل کرنے میں آپ کی مدد کریں



فوجداری نظامِ انصاف کے عمل سے متعلق ملاقاتوں اور اپائنٹمنٹس میں آپ کے ساتھ جا کر آپ کی مدد کریں



عدالت میں شہادت دینے میں مدد کے لیے موجود خصوصی اقدامات کے بارے میں معلومات فراہم کریں، اور آپ کے ترجیحی اقدامات کے لیے درخواست دینے کے لیے کراؤن آفس اور پراکیوٹر فسکل سروس COPFS سے رابطہ کریں

# ایڈوکیسی ورکرز یہ کر سکتے ہیں:



اگر آپ رپورٹ کرنے کے بارے میں سوچ رہے ہوں تو آپ کو معلومات اور مدد فراہم کریں



قانونی عمل کو سادہ الفاظ میں سمجھائیں



پولیس بیانات کا بندوبست کریں اور اس میں شرکت کریں




فوجداری نظام انصاف کے اداروں جیسے کہ پولیس اسکاٹ لینڈ اور پراکیوٹر فسکل سروس COPFS سے رابطہ کرنے میں آپ کی مدد کریں



میری ایڈوکیسی ورکر نے وقت نکال کر یہ سمجھنے کی کوشش کی کہ میرا دماغ کیسے کام کرتا ہے۔اس نے واقعی وہ سب کچھ کیا جو مجھے ضرورت تھا اور میری رفتار کے مطابق کیا۔ اس نے اسے مرحلہ وار تقسیم کیا، معاملے کی ایسے انداز میں وضاحت کی کہ مجھے سمجھ آ گئی اور مجھے اس معاملے پر اپنے وقت کے مطابق کام کرنے دیا۔

ایڈوکیسی ورکر سے رابطہ کرنا سب سے بہتر کام تھا جو میں کر سکتی تھی، اس سے سب کچھ آسان ہو گیا۔



اگر آپ وکٹم امپیکٹ اسٹیٹمنٹ، متاثرہ شخص پر پڑنے والے اثرات کا بیان تیار کرنا چاہتے ہیں تو آپ کی مدد کریں



عدالت میں حاضر ہونے میں آپ کی مدد کریں



پیرول بورڈ کے ساتھ مشغول ہونے میں آپ کی مدد کریں



اگر آپ کو ضرورت ہو تو کسی فوجداری نظامِ انصاف کے ادارے کے بارے میں شکایت داخل کرانے میں آپ کی مدد کریں



جرائم اور فوجداری نظامِ انصاف کے عمل کے اثرات کے حوالے سے مقدمے کے دوران عمومی جذباتی مدد فراہم کریں

اگر آپ ایڈوکیسی ورکر سے مدد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو براہِ کرم اپنے مقامی مرکز سے رابطہ کریں

مزید معلومات ریپ کرائسز اسکاٹ لینڈ کی ویب سائٹ کے مجھے مدد چاہیے، کے سیکشن سے حاصل کی جا سکتی ہیں **"I need help"**
**www.rapecrisisscotland.org.uk**

آپ **ریپ کرائسز اسکاٹ لینڈ ہیلپ لائن** سے بھی کسی بھی دن **شام 5 بجے سے رات 12 بجے** کے درمیان رابطہ کر سکتے ہیں تاکہ آپ کے لیے ریفرل تیار کیا جا سکے:

سیل فون: **02 03 01 08088**
ٹیکسٹ میسج: **027 410 07537**
ای میل: **advocacy@rapecrisisscotland.org.uk**
ویب چیٹ: **www.rapecrisisscotland.org.uk**

ریپ کرائسز اسکاٹ لینڈ ایک خیراتی کمپنی ہے جو ضمانت کے تحت محدود ہے۔
اسکاٹ لینڈ میں رجسٹرڈ نمبر 258568، اسکاٹش چیریٹی SC025642 نمبر

Scottish Government
Riaghaltas na h-Alba